© rasailojaraid.com



## جامعہ علوم اثریہ کے سالانہ امتحانات

قسم تحفیظ القرآن الکریم کے سالانہ امتحانات 29 جولائی بروز منگل سے شروع ہوکر 30 جولائی بروز بدھ اختتام پذیر ہوں گے۔ یاد رہے کہ جامعہ کے شعبہ حفظ کے مستقل ممتحن استاذ القراء حضرت قاری محمد ادریس عاصم لاہوری ہیں انکی معاونت جناب حافظ فیاض احمد کرتے ہیں۔

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے امتحانات 6 اگست بروز بدھ سے شروع ہوکر 14 اگست بروز جمعرات اختتام پذیر ہونگے۔ ان شاء اللہ

## مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس

مورخہ 15 مئی بروز جمعرات بعد نماز مغرب مرکزی جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر کی زیر صدارت سیرت رحمت عالم ﷺ کانفرنس منعقد ہوئی۔ جس کی سرپرستی شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل اور مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے کی۔ سٹیج سیکرٹری کے فرائض مولانا قطب شاہ خطیب مسجد ھذا نے سرانجام دیئے۔

کانفرنس سے حضرت مولانا حافظ محمد اسحاق اوکاڑوی خطیب فیصل آباد اور حضرت مولانا بہادر علی سیف خطیب سمندری نے خطاب کیا اور قاری عبدالوہاب صدیقی صاحب نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ رئیس الجامعہ کی دعا سے یہ کانفرنس تکمیل پذیر ہوئی۔ اس کانفرنس میں مقامی لوگوں کے علاوہ جہلم، ڈھوک صوبیدار، گوجرخاں، مہ کسوال، ڈھوک امب اور دوسرے علاقوں سے احباب نے شرکت کی۔

## رئیس الجامعہ کا جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث کالا گجراں میں درس قرآن وحدیث

مورخہ 11 جولائی بروز جمعہ بعد نماز مغرب رئیس الجامعہ نے جامع مسجد ابراہیمی اہل حدیث میں فتنہ انکار حدیث اور حجیت حدیث کے موضوع پر مفصل درس دیا جس میں کالا گجراں سے کافی تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔ درس کے بعد مورخہ 13 جولائی کو جامع مسجد اہل حدیث نزد المعراج فلور مل میں ''اسلام میں مقام حدیث'' کے عنوان پر شان مصطفیٰ ﷺ کانفرنس کے پروگرام کو آخری شکل دی گئی، کانفرنس سے شیخ الحدیث مولانا ارشاد الحق اثری اور مولانا رانا شفیق خان پسروری خطاب فرمائیں گے۔ یاد رہے کہ ملعون خالد نقاش کی گرفتاری کے بعد یہ پہلا پروگرام ہے، جس میں علاقہ کے تمام مکاتب فکر کے علماء کرام شرکت کریں گے۔

### وفیات

## چوہدری محمد صفدر اور چوہدری محمد احتشام (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 15 مئی بروز جمعرات چوہدری محمد صفدر اور چوہدری محمد احتشام کے چچا محترم وفات پاگئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے ہی نیک، بااخلاق اور ملنسار انسان تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ کوٹلہ آئمہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد امجد سیٹھی کو صدمہ

مورخہ 21 مئی بروز بدھ محمد امجد سیٹھی کی اہلیہ وفات پاگئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند اور پرہیزگار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔



© rasailojaraid.com